اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ وَ الصَّلٰوۃُ وَ السَّلَامُ عَلٰی خَاتَمِ النَّبِیّٖن اَمَّا بَعْدُ فَاَعُوْذُ بِاللّٰہِ مِنَ الشَّیْطٰنِ الرَّجِیْم بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْم

# ڈونیشن کا اسٹال لگانے کے مدنی پھول

﴿1﴾ دو باکسز رکھے جائیں جس میں بڑے حروف سے ایک پر لکھا ہو "زکوۃ"، دوسرے پر "فطرہ" (صدقات واجبہ)"

﴿2﴾ دونوں باکسز کے پاس ایک سمجھدار اسلامی بہن مقرر کر دی جائے جو رقم ڈالنے والی کی اس پر رہنمائی کر دے کہ فطرہ / زکوۃ کس بکس میں ڈالنی ہے اور اس کی نگرانی بھی کرے۔

﴿3﴾ وہاں بینر بھی لگایا جائے۔("**بینر کا نمونہ**" ریکارڈ فائل میں موجود ہے)

﴿4﴾ اسلامی بہن وقتاً فوقتاً (آواز کے پردے کے ساتھ) یہ اعلان (رجب، شعبان، رمضان میں) بھی کرتی رہے کہ ”اپنی زکوۃ اور فطرہ دعوتِ اسلامی کو دے کر نیکی کے کاموں میں بڑھ چڑھ کر حصہ لیں"۔

﴿5﴾ ڈونیشن بکس معمول کے مطابق رکھا جائے۔(صدقاتِ نافلہ ہی اس میں ڈالے جائیں۔)

﴿6﴾ ہر ہفتے سنتوں بھرے اجتماعات اور ماہانہ سیکھنے سکھانے کے دینی حلقے میں باکسز کی رقم متعلقہ ذیلی نگران اسلامی بہن کو جمع کروا دی جائے۔

﴿7﴾ ماہانہ سیکھنے سکھانے کے دینی حلقے اور جہاں صاحبزادیٔ عطار سلمہا الغفار / عالمی مجلسِ مشاورت / ملک / صوبہ / سٹی (اوورسیز میں ملک کے بعد پہلی سطح) / ڈویژن (اوورسیز میں زون) اور ڈسٹرکٹ (اوورسیز میں کابینہ) نگران اسلامی بہنیں تشریف لائیں وہاں کی رقم یوسی / سیکٹر (اوورسیز میں ڈویژن) نگران اسلامی بہن کو جمع کروا دی جائے۔